خود وہ اس مشکل کوحل نہیں کرسکتے۔ اس اسکیم کے تحت ان لوگوں کی مدد کے لئے جن کے طلاق کا مقدمہ چل رہا ہےمشروط کرایہ داری کی بھی سفارش کی جاسکتی ہے۔ ان لوگوں کو طلاق کی درخواستوں پر عدالت کے فیصلہ کے انتظار کے دوران حقیقی معنوں میں رہائش کی ضرورت درپیش ہو سکتی ہے۔ نومبر 2001 سےہاؤسنگ ڈ یپارٹمنٹ نے اپنی مشروط کرایہ داری کی اسکیم کو تشدد کے شکار ان لوگوں تک بھی دراز کردی ہے جنہوں نے عدالت میں طلاق کی درخواست دے رکھی ہے اور اپنے شادی شدہ گھر کو چھوڑتے وقت بے اولاد تھے یا اپنی زیر کفالت بچوں کو اپنے ساتھ نہیں لائے ہیں ۔ اس خدمت کے خواستگار لوگ متعلقہ سماجی کارکنان کو درخواست دے سکتے ہیں –

## قانونی امداد کی خدمت



زودوکوب کئے گئے وہ ازدواجی جوڑے جو عدالتی چارہ جوئی کرنا چاہتے ہیں لیگل ایڈ ڈپارٹمنٹ (ایل اے ڈی) میں قانونی خدمات کے لئے درخواست دے سکتے ہیں – ایك زودوکوب کیا گیا یا ساتھ رہنے والا جوڑا عدالت سے نہ ستانے کا حکم ، اخراج کا حکم، اگر مناسب حال ہو تو ایک عدالتی حکم یا اگر چاہےتو طلاق کے حکم کے لئے درخواست دے سکتا ہے – قانونی امداد کے استحقاق کے لئے آپ کو ذرائع اور اہلیت دونوں کے امتحان میں کامیاب ہونا پڑے گا –

فوری طور پر قانونی مدد کی درخواست پر، مثال کے طور پر جب تشدد کا شکار شخص نہ ستانے کا حکم ، اخراج کا حکم، ایک عدالتی حکم وغیرہ کے لئے درخواست دینا چاہتا ہے تو ایل اے ڈی اس کے ذرائع کی جانچ کرنے اور عدالت میں بیان حلفی کے لئے جتنی بھی جلد ہو سکے گا اس کو انٹرویو کے لئے بلانے کا انتظام کرےگا –

جب تشدد کا شکار کوئی شخص ذرائع اور اہلیت کا امتحان پاس کرلیتا ہے اور مناسب قانونی چارہ جوئی کے لئے لیگل ایڈ ڈ یپارٹمنٹ کی طرف سے قانونی مدد کی سرٹیفکیٹ حاصل کرلیتا ہے تو تفویض کردہ سرکاری قانون افسر تشدد زدہ شخص کی ہدایات کے مطابق عمل کرےگا اور اس کو مناسب اقدامات کا مشورہ دےگا – دریں اثنا یہ تفویض کردہ وکیل تشدد زدہ شخص کے قانونی مفادات کے تحفظ کے لئے مناسب قدم اٹھائےگا –اگر ضروری سمجھا گیا تو تشدد زدہ شخص کےوکیل سے فوری ملاقات کا بندوبست بھی کیا جائےگا – تشدد کے شکار شخص کو عدالت کی روز مرہ کارروائیوں کے بارے میں بھی پوری طرح باخبر رکھا جائےگا –

## Major Enquiry Hotlines انکوائری کی بڑی ہاٹ لائنس

| Social Welfare Department<br>سوشل ویلفیر ڈیپارٹمنٹ | Telephone Number<br>ٹیلیفون نمبر |
|---|---|
| SWD Hotline | 2343 2255 |
| Family and Child Protective Services Unit (Central, Western, Southern and Islands) | 2835 2733 |
| Family and Child Protective Services Unit (Eastern and Wanchai) | 2231 5859 |
| Family and Child Protective Services Unit (Kwun Tong) | 2707 7681 |
| Family and Child Protective Services Unit (Wong Tai Sin and Sai Kung) | 3188 3563 |
| Family and Child Protective Services Unit (Sham Shui Po) | 2247 5373 |
| Family and Child Protective Services Unit (Kowloon City and Yau Tsim Mong) | 3583 3254 |
| Family and Child Protective Services Unit (Shatin) | 2158 6680 |
| Family and Child Protective Services Unit (Tai Po and North) | 2158 6696 |
| Family and Child Protective Services Unit (Tuen Mun) | 2618 5710 |
| Family and Child Protective Services Unit (Tsuen Wan and Kwai Tsing) | 2940 7350 |
| Family and Child Protective Services Unit (Yuen Long) | 2445 4224 |
| **Refuge Centres for Women/Family Crisis Support Centre فیملی کرائسس سپورٹ سنٹر** | |
| Wai On Home for Women | 2793 0223 |
| Harmony House | 2522 0434 |
| Serene Court | 2787 6865 |
| Sunrise Court | 2890 8330 |
| Family Crisis Support Centre 24-hour Hotline | 18 288 |
| CEASE Crisis Centre 24-hour Hotline | 18 281 |
| **Others دیگر ذرائع** | |
| **Hong Kong Police Force ہا نگ کا نگ پولیس** | |
| Emergency Hotline | 999 |
| **Legal Aid Department لیگل ایڈ ڈیپارٹمنٹ** | |
| Hotline | 2537 7677 |

بچوں پر زیادتی ، جوڑے کی طرف سے زوب کوب اورجنسی تشدد کے خلاف مدد کے لئے ویب سائٹ

http://victimsupport.swd.gov.hk

اس پرچے کی طباعت مندرجہ ذیل زبانو ں میں کی گئی ہے :


This leaflet is available in the following languages:

| | | |
|---|---|---|
| 1. Chinese | 2. English | 3. Tagalog |
| 4. Indonesia | 5. Thai | 6. Hindi |
| 7. Nepali | 8. Sinhalese | 9. Urdu |

یہ ورزن سوشل ویلفیر ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائٹ

http://www.swd.gov.hk/

پر منتقل کئے گئے ہیں



# جسمانی تشدد کئے جانے والے جوڑوں کے لئے امدادی خدمات

## (اردو)

## Support Services to BATTERED SPOUSE CASES

Urdu (Pakistan) / 巴基斯坦文

February 2009

社會福利署 Social Welfare Department

ہانگ کانگ میں جسمانی تشدد کے شکار افراد کے ستائے جانے والے جوڑوں کے اہل خاندان کے معاملات میں سوشل ویلفیر ڈپارٹمنٹ (ایس ڈبلیو ڈی)، غیر حکومتی تنظیموں (این جی اوز)، پولیس اور لیگل ایڈ ڈیپارٹمنٹ (ایل اے ڈی) وغیرہ کی طرف سے خدمات مہیا کرتی ہے

## فیملی اینڈ چائلڈ پروٹکٹیو سروسز یونٹس

ایس ڈبلیو ڈی کے خاندان اور بچوں کے تحفظات کی سروس یونٹس (ایف سی پی ایس یوز) انتہائی مہارت والے یونٹ ہیں جنہیں سماجی کارکن چلاتے ہیں اور جو تشدد کے شکار افراد کو یا ستائے جانے والے بچوں کو اور زوب و کوب کئے جانے والے جوڑوں کے اہل خاندان کے معملات میں مختلف النوع قسم کی خدمات انجام دیتے ہیں۔ فوری ضرورت کے مطابق یہ سماجی کارکن دوردراز علاقوں تك پُہنچیں گے، سماجی تحقیقات کریں گے، بحران میں مداخلت کریں گے، معاملے کے حل کے مشورے دیں گے اور اجتماعی معالجہ وغیرہ کریں گے ۔ یہ عدالتی احکامات کے مطابق بچوں کی قانونی نگہداشت بھی کرتے ہیں ۔ اگر ناگزیر ہو تو مالی امداد، رہائش، قانونی مدد، نفسیاتی مشوروں اور سکول جانے کے انتظامات وغیرہ کی سفارش بھی کرتے ہیں۔ تولیت یا نگرانی کے جھگڑوں سے متاثر بچوں کے مصالح کے تحفظ کے علاوہ یہ ایف سی پی ایس یوز عدالت کے حکم کے مطابق سماجی تحقیقاتی رپورٹ تیار کرے گی اور ان بچوں کی نگہ داشت کرے گی جن کو دیکھ بھال کی ضرورت ہے ۔

## انٹگریٹڈ فیملی سروس سنٹرز (خاندانی خدمت کے متحدہ مراکز)

ان خاندانی خدمت کے متحدہ مراکز (آئی ایف ایس سی ز) کوچلانے والی ایس ڈبلیو ڈی اور این جی اوز )غیر حکومتی تنظیمیں( ضرورت مند افراد اور خاندانوں کو روکنے، مدد کرنے اور مداوا کرنے کی مسلسل خدمات بہم پہنچاتی ہیں ۔ یہ خاندانی زرائع یونٹس، خاندان کی امدادکی یونٹ اور خاندان کے مشورہ کی یونٹ پر مشتمل ہے ۔ ان کی مہیا کردہ خدمات میں خاندانی زندگی کی تعلیم، والدین اور بچوں کی سرگرمیاں، زچہ بچہ کی خدمت، رضاکاری کی تربیت، دوردراز کے علاقوں میں خدمت، باہمی مدد کی جماعت اور مقلیات کی نوعیت کے مطابق مشورہ وغیرہ شامل ہیں ۔ مزید براں، یہ سماجی کارکن انفرادی قضیوں کی ضرورت پر مبنی دیگر خدمات کی طرف جیسے سماجی مدد، رہائش نگہداشت کی خدمت، مالی امداد، نفسیاتی خدمت اور روزگار کی خدمت کی طرف رجوع کرنے کے لئے کوشاں ہیں ۔

## طبی سماجی خدمات

ہسپتال کے عملہ، پولیس، دیگر تنظیموں یا مریض یا اس کے خاندان کی براہ راست رسائی کے زریعہ منظر عام پر آنے والے خاندانی تشدد کے واقعات عام ہسپتالوں اور بیرونی مریضوں کے لئے خصوصی کلینك میں کام کرنے والے طبی سماجی کارکنوں کو اپنی طرف متوجہ کر سکتے ہیں ۔ اس کے علاوہ یہ طبی سماجی کارکن مشورہ دیتے ہیں ٹھوس خدمات انجام دیتے ہیں اور خاندانی تشدد کے شکار افراد اور ان کے اہل خاندان کی مدد کے لئے حسب ضرورت ان کو نوآبادی اور سماجی خدمات وغیرہ جیسے اداروں کی طرف رجوع کرنے کا انتظام بھی کرتے ہیں ۔

## عورتوں کے لئے پناہ کے مراکز



ہانگ کانگ میں عورتوں کی پناہ کے چار مراکز ہیں جن کے نام ہیں وائی آن ہوم فار وومن ، ہارمنی ہاؤس ، سیرین کورٹ اور سن رائز کورٹ جو گھریلو تشدد اور خاندانی بحران کی شکار عورتوں اور ان کے بچوں کو عارضی رہائش اور امدادی خدمات بہم پہنچاتے ہیں – اس خدمت کی ضرور ت مند عورتوں کے لئے سماجی کارکنوں کے حوالہ سے، پولیس ، اسپتالوں یا بذات درخواست کے زریعہ ان مراکز میں ہمہ وقت داخلہ مل سکتا ہے – ان پناہ گاہوں کے پتے خفیہ رکھے جاتے ہیں –

## فیملی کرائسس سپورٹ سنٹر ( خاندانی بحران میں مدد کرنے کا مرکز)

یہ فیملی کرائسس سپورٹ سنٹر (ایف سی ایس سی) جسے کیریٹاس – ہانگ کانگ چلاتا ہے انتہائی دباؤ میں رہنے والے لوگوں یا بحران کے شکار لوگوں بشمول ستائے جانے والے مردوں کی مدد کے لئے وقتی سہولیات اور خدمات کا ایک پورہ مجموعہ مہیا کرتا ہے تاکہ وہ اپنی جذبات پر قابو اور خاندانی مشکلات بشمول گھریلو تشدد کا حل تلاش کرسکیں ۔ ایف سی ایس سی براہ راست درخواست اور کسی دیگر تنظیم کی طرف سے حوالہ کو بھی قبول کرتا ہے –

## ہاٹ لائن سروسز

آپ فلاح و بہبود کی خدمات اور ہر وقت نصیحت/مدد کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لئے ہاٹ لائن سروسز کا استعمال کرسکتے ہیں۔ ان ہاٹ لائن پر سماجی کارکن ، رضاکار کام کرتے ہیں یا ان کو کال ٹرانسفر نظام کے تحت آپریٹ کیا جاتا ہے –

## پولیس کی جانب سے مداخلت



گھریلو تشدد کی جملہ شکایات اور رپورٹ کی جانچ اور اس پر کارروائی ہانگ کانگ کی پولیس فورس کرے گی۔ عام حالات میں یہ رپورٹ کسی بھی پولیس اسٹیشن میں پولیس کی ہاٹ لائن 2527 7177 پر یا کسی بھی پولیس افسر کو براہ راست رپورٹ کر حاصل کر ہیں – ہنگامی حالات میں مدد طلب کرنے کے لئے عوام 999 ڈائل کرسکتے ہیں – تشدد زدہ اشخاص اور ان سے متعلق معلومات کو مخفی رکھا جائے گا –

## کلینیکل نفسیاتی خدمت

ایس ڈبلیو ڈی کے چار اکلینیکل نفسیاتی یونٹس میں کام کرنے والے نفسیاتی اکلینیکل ماہرین تشدد اور زودوکوب کے شکار ا ن افراد اور ان کے بچوں کی تشخیص اور علاج کرتے ہیں جن کے اندر نفسیاتی علامات ظاہر ہو رہی ہوں۔ ایس ڈبلیو ڈی کی چاروں یونٹس کی طرف سے حوالے قابل قبول ہوتے ہیں۔ ہر معاملہ کی انفرادی ضرورتوں کے مطابق یہ اکلینیکل نفسیاتی ماہرین انفرادی اشخاص ، جوڑوں ، خاندانوں اور جماعت بناکے علاج کرکے اپنے زیر علاج لوگوں کو ازدواجی جوڑوں کی زود وکوب کے نتیجے میں پیدا ہونے والی نفسیاتی بیماریوں سے نجات حاصل کرنے میں مدد کرتے ہیں – طلاق کے معاملات میں یہ اکلینیکل نفسیاتی ماہرین نفسیاتی جائزہ کی بنیاد پر بچوں کی تولیت ، ان تک رسائی اور ان کی نگہ داشت کے انتظامات کے بارے میں عدالت کو اپنی ماہرانہ رپورٹ پیش کرسکتے ہیں –

## مالی امداد

کمپری ہنسیو سوشل سیکوریٹی اسسٹنس ( سی ایس ایس اے) یعنی جامع سماجی تحفظ کی امداد کی اسکیم ضرورت مند لوگوں کو مالی امداد فراہم کرنے کی غرض سے بنائی گئی ہے – اس کے استحقاق کے لئے درخواست گذارکو کم از کم سات سال سے ہانگ کانگ میں رہائش پذیر ہونا چاہئے اور پھر درخواست کی تاریخ سے وہ کم از کم ایک سال سے ہانگ کانگ میں مستقل طور سے رہ رہا ہو – استثنائی حالات میں یہ امداد سماجی بہبود کے ڈائرکٹر کی اجازت پر سی ایس ایس اے ایسے درخواست گذار کو دی جا سکتی ہے جو مقررہ لازمی رہائش کے معیار پر پورا نہ اترتا ہو – اگر آپ سی ایس ایس اے کے لئے درخواست دینا چاہتے ہیں تو ان کی طرف رجوع کرنے کے لئے اپنے سماجی کارکنان سے رابطہ قائم کریں یا پھر ایس ڈبلیو ڈی کے سوشل سیکوریٹی فیلڈ یو نٹس سے رابطہ قائم کریں –



اس کے علاوہ ہنگامی حالات میں جب دیگر مالی امداد میسر نہ ہو ں تو ان کی مالی مشکلات پر قابو پانے کے لئے خیراتی مالی ادارے انفرادی اشخاص اور خاندانوں کو عارضی طور پر نقد رقم فراہم کرتے ہیں – ہر خیراتی ادارے کا اپنا الگ معیار اور امداد کی الگ نوعیت ہوتی ہے – اس طرح کی امداد کے ضرورت مند لوگ سماجی کارکنوں یا سوشل سیکوریٹی فیلڈ یونٹس کے ذریعہ درخواست دے سکتے ہیں –

## مشفقانہ بنیادوں پر ازسر نو رہائش



مشفقانہ بنیادوں پراز شر نورہائش کا انتظام رہائشی امداد کی ایک شکل ہے جس کا مقصد ایسے انفرادی لوگوں اور خاندانوں کو امداد فراہم کرنا ہے جن کو حقیقی معنوں میں رہائش کی سخت ضرورت ہے لیکن بذات